34183-اسٹریلیا کے حجاج کرام کا میقات

سوال

ہم اسٹریلیا میں رہتے ہیں، اوراس برس بہت سارے اسٹریلین مسلمان فریضہ حج کی ادائیگی کے لیے جائیں گے، مثلا ہم سڈنی سے سفر کریں گے اور تین جگھوں میں سے ایک ہوائی اڈا پہلا سٹاپ ہوگا: جدہ، ابوظبی، بحرین، توہمارے احرام کا میقات کہاں ہوگا؟

کیا ہم سڈنی سے احرام باندھیں گے یا کسی اور جگہ سے؟ امید ہے کہ آپ جواب سے نوازیں گے آپ کا شکریہ۔

پسندیدہ جواب

الحمد للہ

نہ توسڈنی اورنہ ہی ابوظبی اوربحرین حج
اور عمرہ کے لیے میقات ہے، اورنہ ہی آپ جیسے لوگوں کے لیے جدہ ہی میقات ہے بلکہ یہ
تواس کے رہائشی لوگوں کے لیے میقات ہے۔

بلکہ تم پرواجب ہے کہ تم فضائی راستے سے گزرواورمکہ جانے کا ارادہ ہوتوسب سے
پہلے میقات سے احرام باندھوکیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے میقات مقرر کرتے
وقت فرمایا تھا:

(یہ اہل میقات کے لیے بھی میقات ہیں اوران کے لیے بھی جوحج اور عمرہ کرنے کے لیے
یہاں سے گزریں ان کے لیے بھی میقات ہیں)۔

اور آپ کے لیے یہ ممکن ہے کہ آپ ہوائی جہاز کے عملہ کے ارکان سے میقات سے گزرنے سے
قبل ہی میقات کا پوچھ لیں، اوراگر آپ لوگ میقات سے قبل ہی احرام پہن لیں اوراس
خدشہ سے کہ کہیں بغیراحرام ہی میقات سے تجاوز نہ کرجائیں میقات سے قبل ہی تلبیہ
بھی کہہ لیں تواس میں کوئی حرج نہیں۔

اوررہا مسئلہ احرام کی تیاری یعنی غسل اورصفائی وغیرہ اوراحرام کی چادریں پہننا تویہ
(میقات سے قبل) کسی بھی جگہ ہوسکتی ہے۔

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے۔.